مطبوعات

تبلیغ حق مترجمہ مولانا محمد علی صاحب مظفری۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات۔ قیمت ۱۲ (غیر مستطیع حضرات ڈاک خرچ بھیج کر مفت منگا سکتے ہیں) ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت اسلامیات۔ حیدرآباد، دکن۔

یہ کتاب ایک فارسی تصنیف "البلاغ المبین" کا ترجمہ ہے۔ اس کتاب کے مصنف کی حیثیت سے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا نام لیا جاتا ہے۔ مگر یہ انتساب اپنی پشت پر کوئی مضبوط شہادت نہیں رکھتا۔ کتاب پیر پرستی اور قبر پرستی کی تردید اور قرآنی توحید کی توضیح میں لکھی گئی ہے۔ مصنف کا زاویۂ بحث و نظر خالص اسلامی اور قرآنی ہے اور انھوں نے کتاب، سنت، آثار، اسوۂ صحابہ اور علماء و صوفیائے حق کے اقوال کی روشنی میں پیر پرستی اور اس کے تمام مشرکانہ اعمال، مثلاً فنا فی الشیخ، استمداد بالقبور، غیر شرعی طریق توسل وغیرہ بدعات کی مدلل تردید فرمائی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ لوگ اس کتاب سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ ترجمہ اچھا اور معنی خیز ہے۔ بظاہر بعض جگہ جزوی فروگذاشتیں بھی محسوس ہوتی ہے، مگر ایسی نہیں کہ کتاب کی افادیت پر اس کا کوئی اثر پڑے۔ مترجم کے اپنے قائم کیے ہوئے عنوانات البتہ کافی اصلاح اور نظر ثانی چاہتے ہیں۔ رہ گئیں کتابت کی غلطیاں، تو یہ حیدرآبادی مطبوعات کا ایک عام مرض بن چکی ہیں۔

شمائل الاتقیاء تالیف خواجہ شیخ رکن الدین عماد کاشانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ضخامت ۲۲۴ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔

ملنے کا پتہ: مہتمم اشاعت العلوم۔ حیدرآباد۔ دکن۔

یہ ضخیم کتاب، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، علم تصوف سے تعلق رکھتی ہے اور فارسی زبان میں لکھی گئی ہے۔ اس کے چار باب ہیں۔ پہلے باب میں طریقت و اصحاب طریقت کے افعال و مقامات کی، دوسرے میں "ارباب حقیقت یعنی انبیاء و اکابر اولیاء کے احوال" کی، تیسرے میں ذات و صفات الٰہی اور اس کے متعلقات کی، نیز حضرت خاتم الانبیاء اور ان کی امت کے حالات و فضائل کی، اور چوتھے باب میں حضرت آدم کی خلقت اور ان کے، نیز ان کی ذریت کے اوصاف کمال کی تشریح کی گئی ہے۔ مولف کی وسعت نظر کا اعتراف کیے بغیر